© rasailojaraid.com

ماہنامہ ''الخیر'' ملتان خصوصی اشاعت: مولانا محمد امین صفدر اوکاڑوی نمبر

زیرادارت: مولانا محمد ازہر صاحب ضخامت: ۶۵۰ صفحات قیمت رعایتی: ۲۰۰ روپے

ملنے کا پتہ: فیاض احمد عثمانی، ناظم ماہنامہ ''الخیر'' جامعہ خیر المدارس ملتان۔

وکیل احناف مولانا محمد امین صفدر اوکاڑوی کا شمار امت کے ان معدودے چند نوابغ میں ہوتا ہے جو صدیوں بعد پیدا ہوتے ہیں آپ فرقِ باطلہ کے لئے ایک تیغ بے نیام تھے اور اپنی بے پناہ اور بے مثال قوتِ استدلال کی وجہ سے بڑے بڑے جغادری ان کا سامنا کرنے سے کنی کتراتے تھے آپ کے علوم و معارف کسب ونظر کے محتاج نہ تھے بلکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو علم لدنی سے نوازا تھا۔

بالخصوص علم اسماء الرجال میں آپ کو جو ملکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا فرمایا تھا وہ کسی دوسرے فرد کے حصہ میں زمانہ حال میں بہت کم آیا ہوگا۔ گزشتہ سال آپ اپنے مالک حقیقی سے جا ملے۔ اور ان کے سانحہ ارتحال سے جو خلا پیدا ہوا ہے وہ اس کا پُر ہونا اب مستبعد نظر آتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کی وفات کے بعد مختلف جرائد و رسائل میں آپ پر مضامین لکھے گئے۔ مقالات پڑھے گئے اور تاہنوز ان کی علمی خدمات کو خراج تحسین کا سلسلہ جاری ہے اس سلسلے میں ماہنامہ حق چاریار نے ایک خصوصی نمبر نکالا تھا جس میں آپ کی علمیت کا مختلف جہات سے جائزہ لیا گیا تھا۔ بلاشبہ وہ خصوصی اشاعت تحقیق کی دنیا میں ایک گراں قدر اضافہ ہے۔

زیرتبصرہ خصوصی اشاعت ماہنامہ الخیر ملتان بھی اسی ''سلسلۃ الذہب'' کی ایک کڑی ہے جس میں انتہائی تفصیل کے ساتھ موثر انداز میں مختلف علمی و عبقری شخصیات کی آراء مولانا اوکاڑوی کے بارے میں موجود ہیں۔ اس خصوصی نمبر کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں بجائے مولانا اوکاڑوی کے سوانح حیات کے آپ کے علوم و معارف آشکارا کئے گئے ہیں۔ بالخصوص مولانا منیر احمد کا مبسوط و مفصل اور ہمہ جہت مضمون انتہائی اہم اور بار بار پڑھنے کے قابل ہے۔ اس لئے ہم یہ تبصرہ و تجزیہ کرنے میں حق بجانب ہیں کہ یہ خصوصی اشاعت خالص ایک سوانحی تذکرہ نہیں بلکہ علوم و معارف نکات و لطائف و دقائق و ظرائف کا ایک بے بہا گنجینہ ہے اور ایک ایسا دائرۃ المعارف ہے جس سے ہر وقت کسب فیض کی ضرورت پڑے گی۔ اللہ تعالیٰ ماہنامہ ''الخیر'' کے مدیر محترم مولانا محمد ازہر صاحب کو جزائے خیر دے اور ان کے رفقاء کار کو خصوصی شفقتوں اور رحمتوں سے نوازیں جنہوں نے یہ علمی ارمغان تیار کرکے اہل علم حضرات کو اس سے شاد کام ہے۔ (م۔ا۔ف)

© rasailojaraid.com